16.02.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں................. کلیم احمد

Music

---

1- ریلویز نے نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر کل رات پیش آئے بھگدڑ کے واقعے کی جانچ کرنے کیلئے ایک اعلیٰ سطحی انکوائری شروع کی ہے۔

2- حکومت نے مہلوکین کے قریبی رشتہ داروں کیلئے 10-10 لاکھ روپے، جبکہ سنگین طور پر زخمی افراد کیلئے ڈھائی-ڈھائی لاکھ روپے کی مالی مدد کا اعلان کیا ہے۔

3- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں بھارت Tex-2025 میں شرکت کریں گے۔

4- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے تجارت، سرمایہ کاری اور سکیورٹی کے معاملات پر تبادلۂ خیال کرنے کیلئے میونخ میں مختلف ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ میٹنگ کی۔

5- اور کرکٹ میں

خواتین پریمیئر لیگ 2025 میں آج شام گجرات جائنٹس کا مقابلہ یوپی وارئرس سے ہوگا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے............

## Delhi RS - Stampede

ریلوے نے آج اعلان کیا ہے کہ پرنسپل چیف کمرشیل مینجر نرسنگھ دیو اور پرنسپل چیف سکیورٹی کمشنر پنکج گنگوار، اُس انکوائری کمیٹی کا حصہ ہوں گے، جو نئی دلّی ریلوے اسٹیشن پر مچی بھگدڑ کی جانچ کرنے کی غرض سے قائم کی گئی ہے۔ کمیٹی نے اپنی جانچ شروع کردی ہے۔ اُس نے نئی دلّی ریلوے اسٹیشن کے سبھی ویڈیو فوٹیج کمیٹی کو سونپنے کے احکامات دیئے ہیں۔ اس کے علاوہ، دلّی پولیس نے بھی واقعہ کی تحقیقات شروع کردی ہیں اور وہ CCTV فوٹیج کی جانچ کرے گی۔

نادرن ریلوے نے مہلوکین کے اہل خانہ کیلئے دس-دس لاکھ روپے کے معاوضے کا اعلان کیا ہے۔ شدید زخمیوں کو ڈھائی-ڈھائی لاکھ روپے دیئے جائیں گے، جبکہ معمولی زخمی افراد کو ایک لاکھ روپے ملیں گے۔

بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے ریاست سے تعلق رکھنے والے سبھی مہلوکین کے لواحقین کیلئے دو-دو لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا، جبکہ زخمی افراد کو پچاس-پچاس ہزار روپے دیئے جائیں گے۔

اس دوران، ایجنسی کی خبروں کے مطابق، کل رات نئی دلّی ریلوے اسٹیشن میں مچی بھگدڑ میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 18 ہو گئی ہے۔ ان میں 11 خواتین اور پانچ بچے شامل ہیں۔

LNJP اسپتال نے دو ہیلپ لائن نمبرس جاری کئے ہیں۔

نمبر ہیں: 7028619873 اور 23501207-011

صدرِ جمہوریہ، وزیر اعظم اور ریلوے، داخلی اور دفاعی امور کے وزراء نے اس حادثے پر اپنے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ x

## PM Bharat Tex 2025

وزیر اعظم نریندر مودی، آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں Bharat Tex 2025 میں شرکت کریں گے۔ وہ اِس موقع پر ایک اجتماع سے خطاب بھی کریں گے۔ Bharat Tex 2025، ایک عظیم الشان عالمی تقریب ہے، جو 14 سے 17

فروری تک بھارت منڈپم میں منعقد کی جا رہی ہے۔اِس تقریب میں خام مال سے لے کر تیار مصنوعات تک ٹیکسٹائلز سے متعلق مکمل ویلیو چین کو ایک ہی مرکز پر یکجا کیا جا رہا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C SUPERNA

*بھارت TEX پلیٹ فارم، ایک بڑی نمائش پر مشتمل، ٹیکسٹائل صنعت کی سب سے بڑی اور سب سے جامع تقریب ہے، جو دو مقامات پر جاری ہے۔اس میں ٹیکسٹائلز سے متعلق پورے ایکو نظام کو اجاگر کیا جا رہا ہے۔اس تقریب میں عالمی پیمانے کی ایک کانفرنس بھی ہوگی، جس میں 70 اجلاسوں، گول میز کانفرنسوں اور پینل مباحثوں وغیرہ کا انعقاد کیا جائے گا۔نمائش میں اختراع اور اسٹارٹ اپس سے متعلق خصوصی پویلین بھی قائم کئے گئے ہیں۔*

*اس تقریب میں 120 سے زیادہ ملکوں کے پالیسی سازوں، عالمی سی ای اوز، پانچ ہزار سے زیادہ نمائش کاروں اور چھ ہزار بین الاقوامی خریداروں سمیت بہت سے متعلقہ فریقوں کے شرکت کرنے کا امکان ہے۔*

*ان کے علاوہ، دنیا بھر سے ٹیکسٹائلز سے متعلق 25 سے زیادہ سرکردہ عالمی ادارے اور ایسوسی ایشنیں بھی اس میں شرکت کر رہی ہیں۔*

*سُپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں عبدالمالک۔*

Prez-Change of Guard

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج صبح راشٹرپتی بھون کے سامنے کے صحن میں آج صبح نئے انداز میں گارڈ کی تبدیلی کی تقریب کے افتتاحی شو کا مشاہدہ کیا۔یہ تقریب 22 فروری ہفتے کے روز سے بڑی تعداد میں آنے والے لوگوں کیلئے کھلی رہے گی، جس میں لوگ راشٹرپتی بھون کے عکس والے اسٹیج پر ایک متحرک ویژول اور موسیقی کی پرفارمینس کا مشاہدہ کر سکیں گے۔یہاں آنے کے خواہشمند افراد rashtrapatibhavan.gov.in پورٹل پر جا کر اپنی نشستیں بک کر سکتے ہیں۔×

## Delhi Police-Raising Day

دلّی پولیس نے آج کنگس وے کیمپ پریڈ گراؤنڈ میں ایک شاندار پریڈ کے ساتھ اپنا78واں یومِ تاسیس منایا۔امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے دلّی پولیس کمشنر سنجے اروڑہ کی موجودگی میں مہمان خصوصی کے طور پر پریڈ کی سلامی لی۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ دلّی پولیس ملک کی اعلیٰ ترین پولیس فورسز میں سے ایک ہے۔ دلّی پولیس نے جی-20 سربراہ کانفرنس کے انعقاد اور کووڈ وبا سے نمٹنے میں اہم رول ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ دلّی پولیس جرائم کی روک تھام اور قانون کے نفاذ میں نئے معیارات قائم کر رہی ہے۔ جناب رائے نے بھارت کے سائبر جرائم کو آرڈینیشن سینٹر C14 پہل کی تعریف کی اور کہا کہ پولیس سائبر جرائم کے معاملات کو سرگرم انداز میں حل کر رہی ہے۔ انھوں نے خواتین، بزرگوں اور بچوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے دلّی پولیس کی کوششوں کی ستائش کی۔

*S/B - Nityanand Rai*

خواتین پر مشتمل دلّی پولیس کے بینڈ نے پریڈ کی اہم جھلکیوں کو اُجاگر کیا۔اِس موقع پر دلّی پولیس کے مختلف دستے موجود تھے۔ ×

## Jaishankar MSC

وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور اسرائیل کے وزیر خارجہ Gideon Sa'ar نے اسرائیل کے راستے ایشیا، یوروپ اور امریکہ کو جوڑنے سے متعلق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے وژن پر تبادلۂ خیال کیا۔ اسرائیلی وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈاکٹر جے شنکر اور وزیر خارجہ Sa'ar نے کل رات میونخ سکیورٹی کانفرنس کے موقع پر ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے تجارتی راستوں پر حوثیوں اور ایران کے حملوں کے سبب درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے بارے میں بھی بات کی۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کل میونخ میں ناروے کے وزیر خزانہ اور میونخ سکیورٹی کانفرنس کے اگلے صدر نشین Jens Stoltenberg سے بھی ملاقات کی۔ انھوں نے ابھرتے ہوئے عالمی سکیورٹی منظر نامے پر سودمند تبادلۂ خیال کیا۔ جناب جے شنکر نے کانفرنس کے موقع پر ارجنٹینا کے خارجی امور اور تجارت کے وزیر Gerado Werthein سے بھی ملاقات کی۔ ×

## PM Kashi Tamil  Sangmam

وزیراعظم نریندر مودی نے سبھی سے کاشی تمل سنگمم 2025 میں حصہ لینے پر زور دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ کاشی اور تمل ناڈو کے درمیان دائمی تہذیبی وابستگی کا جشن ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ فورم روحانی، ثقافتی اور تاریخی روابط کو مستحکم کرتا ہے، جو صدیوں میں پروان چڑھے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ اس سے ایک بھارت شریشٹھ بھارت، کے جذبے کا اظہار بھی ہوتا ہے۔

مرکز سے وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان، وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل موروگن نے کل وارانسی کے نموگھاٹ پر تیسرے کاشی تمل سنگمم کا افتتاح کیا تھا۔ 10 روز تک جاری رہنے والا یہ پروگرام اس ماہ کی 24 تاریخ کو اختتام پذیر ہوگا۔×

## UP - ACCIDENT

اترپردیش میں آج بارہ بنکی ضلعے میں پوروانچل ایکسپریس پر ایک ٹیمپو ٹریولر کے بس سے ٹکرانے کے واقعے میں ایک خاتون سمیت 4 افراد ہلاک ہوگئے۔ بس چھتیس گڑھ سے، جبکہ ٹیمپو ٹریولر گاڑی مہاراشٹر سے آرہی تھی۔ یہ دونوں ہی گاڑیاں ایودھیا جارہی تھیں۔ حادثے کے مہلوکین اور زخمی افراد ٹیمپو ٹریولر کے مسافر ہیں۔ 2 زخمیوں کو لکھنؤ کے ٹراما سینٹر میں داخل کرایا گیا ہے، جبکہ 4 زخمیوں کا علاج ضلع اسپتال میں جاری ہے۔×

## Rajasthan Gas Leak

راجستھان میں Gadepan کے مقام پر کھاد تیار کرنے والے ایک کارخانے کے نزدیک کل امونیا گیس کے رساؤ کے سبب ایک سرکاری اسکول کے کم از کم 16 طلبا متاثر ہوگئے۔ یہ واقعہ صبح کی دعائیہ اسمبلی کے دوران ہوا۔ اس وقت بہت سے طلبا کو سانس لینے میں دشواری ہونے لگی۔ متاثرہ طلبا کو فوراً طبّی امداد فراہم کی گئی۔

پانچ طلبا کو فرسٹ ایڈ کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا، جبکہ پانچ طلبا کو اسپتال میں داخل کر لیا گیا، جبکہ چھ طلبا کو مزید علاج کیلئے کوٹا کے ایک اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ اسکول میں دیگر 200 طلبا کی طبّی جانچ کی گئی۔ x

Mumbai - Fire

ممبئی میں آج صبح 11 منزلہ ایک عمارت میں آگ لگنے کے بعد دم گھٹنے سے 2 خاتون کی موت ہو گئی، جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے۔ جنوبی ممبئی میں مسجد Bandar علاقے میں Panna Ali Mansion بلڈنگ میں آگ لگ گئی۔ زخمیوں کو علاج کیلئے سرکاری اسپتال جے جے ہاسپٹل لے جایا گیا، جہاں اُن کی حالت مستحکم بتائی جاتی ہے۔ آگ پر قابو پالیا گیا ہے۔ آگ لگنے کی وجوہات کا پتہ لگایا جارہا ہے۔ ×

Surajkund Mela

ہریانہ کے فرید آباد میں منعقدہ 38 ویں سورج کنڈ بین الاقوامی دست کاری میلے میں ملک بھر سے بڑی تعداد میں لوگ آرہے ہیں۔ اس سال میلے کی شراکت دار ریاستیں مدھیہ پردیش اور اڈیشہ ہیں۔ مصر، ایتھوپیا، شام، افغانستان اور بیلاروس سمیت تقریباً 42 ملکوں کے لگ بھگ 600 افراد میلے میں شرکت کر رہے ہیں۔ بمسٹیک ملکوں بنگلہ دیش، بھوٹان، میانما، نیپال، سری لنکا اور تھائی لینڈ سمیت متعدد ممالک میلے میں شرکت کر رہے ہیں۔ اس میلے کا مقصد دستکاری سامان اور ہینڈ لوم کو فروغ دینا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے سورج کنڈ میلے میں امریکہ سے آنے والی ایک سیاح Staifani نے ملک میں ہی تیار کئے گئے مصنوعات کی ستائش کی۔ یہ میلہ اس مہینے کی 23 تاریخ تک جاری رہے گا۔ ×

US - Ukrain

امریکہ نے اعلان کیا ہے کہ یوروپ، یوکرین امن مذاکرات میں حصہ نہیں لے گا۔ امریکی صدر کے معاون اور روس اور یوکرین کے لیے خصوصی سفیر Keith Kellogg نے کل جرمنی کے میونخ میں عالمی سلامتی کانفرنس کے دوران یہ بیان دیا۔ جناب Kellogg، خطّے میں امن بحال کرنے کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مقصد کے تحت یوروپ کے دورے پر ہیں۔

اس سے پہلے یوکرین کے صدر وولودیمیر زیلینسکی نے یوروپی فوجوں کی درخواست کرتے ہوئے دلیل دی کہ برِاعظم، اب امریکی تحفظ پر انحصار نہیں کر سکتا اور اُسے واشنگٹن سے تعظیم حاصل کرنے کے لیے مضبوط فوج کی ضرورت ہے۔ اس دوران نیٹو کے سیکریٹری جنرل Mark Rutte نے بھی یوروپ سے یوکرین کی اجتماعی حمایت کی درخواست کی۔×

## WPL Cricket

کرکٹ میں، خواتین کی پریمیئر لیگ 2025 کے تیسرے میچ میں آج گجرات جائنٹس کا مقابلہ یوپی واریئرس سے ہوگا۔ یہ میچ وڈودرہ کے Kotambi اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

گجرات جائنٹس نے بنگلورو کے خلاف چھ وکٹ سے جیت درج کرکے اپنی مہم کا آغاز کیا تھا، جبکہ یوپی واریئرس، گجرات جائنٹس کے خلاف آج کے میچ سے اپنی مہم شروع کرے گی۔x

## ISL - Football

ISL فٹبال میں، آج محمڈن SC کا مقابلہ کولکاتہ میں ایسٹ بنگال FC سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کولکاتہ کے وویکانندایُوابھارتی کری رانگن میں کھیلا جائیگا۔

انڈین سُپر لیگ ISL فٹبال میں، موہن بگان SG نے کیرالہ بلاسٹرس کو کل شام تین-صفر سے شکست دے دی۔ یہ میچ کوچی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ اس جیت کے بعد موہن بگان SG، 21 میچوں میں 49 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں سرِفہرست ہے۔ موہن بگان SG، اپنے ISL خطاب کے دفاع سے محض ایک جیت کے فاصلے پر ہے۔

ایک دیگر میچ میں چنئیین FC نے، پنجاب FC کو دو-ایک سے ہرادیا۔ یہ میچ چنئی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆